# الہدایہ

زیراہتمام ھدایہ اکیڈمی - زیرسرپرستی حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم


## ھدایہ اکیڈمی نے مجھے عالم بنادیا

ڈاکٹر یحیٰ نوری

ایم بی بی ایس، پی ایچ ڈی مائکرو بیالوجی، پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اپلائیڈ سائیکالوجی، ایم ایس سی آرگینائزیشنل سائکالوجی۔ ایم بی اے مارکیٹنگ، ایم اے اسلامیات

ڈاکٹر صاحب نے اپنی مصروفیات کے بارے میں بتایا کہ وہ ڈاؤ یونیورسٹی میں اسوسئیٹ پروفیسر آف مائکرو بیالوجی ہیں۔ اسکے علاوہ یونیورسٹی کے ساتھ منسلک سندھ کی صوبائی ٹی بی ریفرنس لیباٹری کے ہیڈ ہیں اور پوسٹ گریجوئیٹ ادارے انسٹی ٹیوٹ آف بایو میڈیکل سائنسز کے ڈپٹی ڈائرکٹر ہیں۔ ساتھ ہی کالج آف بزنس مینجمنٹ کے ہیلتھ مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں وزٹنگ فیکلٹی اور بورڈ آف سٹڈیز کے ممبر ہیں۔

ڈاکٹر یحیی نوری ھدایہ اکیڈمی کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کرتے ہیں کہ حضرت شیخ صاحب سے اصلاحی تعلق تھا۔ برطانیہ سے واپس آنے کے بعد حضرت شیخ صاحب نے عالم بننے کا مشورہ دیا۔ شوق تو مجھے پہلے سے ہی تھا۔ ان کے کہنے پر کورس شروع کر دیا۔ الحمدللہ قرآن وحدیث کی مزید سمجھ بوجھ پیدا ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک خاص بات یہ بتائی کہ اساتذہ کی صحبت سے دین کا پیغام دوسروں تک پہنچانے کا جذبہ پیدا ہوا۔ ھدایہ اکیڈمی کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ ھدایہ اکیڈمی کا نظام تمام پڑھنے والوں کو جوڑ کر رکھنے والا نظام ہے، حالانکہ زیادہ تر لوگ دوسری مصروفیات میں مشغول ہوتے ہیں مگر پھر بھی ان پر خاص توجہ دی جاتی ہے۔ اساتذہ کرام بہت محبت کرنے والے اور حوصلہ افزائی کرنے والے ہیں۔ اساتذہ کی محبت اور حوصلہ افزائی کی مدد سے مجھ جیسے مصروف آدمی کو بھی ھدایہ اکیڈمی نے عالم بنادیا۔

**0322-HIDAYAH**
**(0322-4432924)**

## سکھر کا سفر

۲۲ فروری بروز جمعہ شیخ صاحب سکھر تشریف لے گئے رات ۳ بجے ۱۷ مریدین کی جماعت گاڑیوں میں روانہ ہوئی۔ مریدین شیخ صاحب سے روحانی فائدے کی غرض سے جاتے ہیں اور مستقل وقوف قلبی کرتے رہتے ہیں فجر کی نماز حیدرآباد میں پڑھی جہاں حیدرآباد کے ساتھی استقبال کے لئے کھڑے تھے اور ناشتہ بھی وہیں کیا۔ سکھر میں پہلا بیان جمعہ کی نماز سے پہلے یونیورسٹی میں ہوا پھر جمعہ کا بیان مسجد اقصی میں ہوا جہاں ھدایہ اکیڈمی کی سکھر کی برانچ ہے۔ تیسرا بیان عصر کے بعد مکی مسجد میں اور چوتھا مغرب کے بعد جم خانہ میں ہوا۔ رات کو 10 بجے واپسی کے لئے روانہ ہوگئے۔ شیخ صاحب نے سکھر کے ساتھیوں کو ذکر کی ترغیب دیتے ہوئے یہ بھی فرمایا کہ کراچی سے جو ساتھی ہمارے ساتھ آئے انکو لانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ذکر کے عادی بن جائیں، لہذا ہر ساتھی یہاں ارادہ کرکے جائے کہ اب میں ذکر کا اہتمام کرونگا۔



## ھدایہ اکیڈمی میں سیرت پروگرام

۲۰ فروری کو شبان ختم نبوت کے جناب تیسر صاحب نے پروجیکٹر پر سیرت کے عنوان پر پریزینٹیشن دی۔ بہت عمدہ انداز میں سیرت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ سیرت صرف ہمارے نبی ﷺ کی موجود ہے اور 5 لاکھ لوگوں نے محنت کرکے جمع کی ہے، جن کا تذکرہ اسماء الرجال میں آتا ہے۔ کسی اور مذہب کے پاس سیرت موجود ہی نہیں ہے۔ ان کے پاس صرف بائیوگرافی ہے۔ عیسائیوں کی کتاب میں عیسی علیہ السلام کا بچپن کا تذکرہ ہے اور پھر 30 سال کی عمر کے بعد کا تذکرہ ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ بھی بہت کم ہے۔ ہمارے نبی ﷺ کی ایک ایک صفت و عادت حتیٰ کہ یہ بھی محفوظ ہے کہ کتنے بال سفید تھے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وَّ شَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ

## سالانہ تقریری مقابلہ 2019

زیراہتمام ھدایہ اکیڈمی کراچی

HIDAYAH ACADEMY

ھدایہ اکیڈمی کا ہدف یہ ہے کہ ہر شعبہ میں دین کی دعوت پہنچے اور ہر ذریعہ سے دعوت الی اللہ ہو- فن تقریر' دعوت کو موثر انداز میں پہنچانے کا بہترین ذریعہ ہے- اس حوالہ سے طلبہ کی تربیت کیلئے ھدایہ اکیڈمی کے زیراہتمام ۲۸ فروری کو ایک تقریری مقابلہ کا اہتمام کیا گیا اور ختم نبوت کے موضوع پر مختلف عنوانات پر بیانات کا مقابلہ ہوا جس میں طلبہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا- اس موقع پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر حضرت مولانا اعجاز مصطفی صاحب نے مہمان خصوصی اور منصف کی حیثیت سے شرکت کی اور طلبہ کی محنت و قابلیت کو سراہا- مقابلہ میں اول، دوم اور سوم آنے والوں میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کئے گئے- اللہ تعالیٰ سے دعاہے کہ ھدایہ اکیڈمی کی اس کاوش کو قبول فرمائے- آمین-

## صدقہ خیرات کرنے سے مال کبھی کم نہیں ہوتا

HIDAYAH ACADEMY

آپ ﷺ نے فرمایا میں تین چیزوں کے متعلق قسم کھاتا اور تم لوگوں کے سامنے بیان کرتا ہوں تم لوگ یادرکھنا پہلی یہ کہ کسی صدقہ یا خیرات کرنے والے کا مال صدقے یا خیرات سے کبھی کم نہیں ہوتا دوسری یہ کہ کوئی مظلوم ایسا نہیں کہ اس نے ظلم پر صبر کیا ہو اور اللہ تعالیٰ اس کی عزت نہ بڑھائیں تیسری یہ کہ جو شخص اپنے اوپر سوال کا دروازہ کھولتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے فقر و محتاجی کا دروازہ کھول دیتے ہیں سنن الترمذي (562/4)


الحمدللہ ھدایہ اکیڈمی کی تعمیر کا کام تیزی سے تکمیل پر پہنچ رہا ہے۔
تمام چھ فلورز کا اسٹرکچر ورک مکمل ہوچکا ہے، پلاسٹر و رعنائی کا کام تیزی سے جاری ہے - اس حوالہ سے ادارہ ان تمام حضرات کا تہہ دل سے مشکور و دعا گو ہے جنہوں نے اس کار خیر میں حصہ لیا-
آپ اپنے صدقات و عطیات جامعہ ھدایہ کے میزان بینک اکاؤنٹ 9939 0102948630 میں جمع کرا سکتے ہیں-



FOR CONTRIBUTIONS / SADQA JARIYAH :

MEEZAN BANK
(BARADARI, NORTH KARACHI BRANCH)
ACCOUNT TITLE : JAMIA HIDAYAH
ACCOUNT No. 9939 0102948630

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں-
0322-2181020, 0321-3616734

سہ ماہی مجلہ

# اَلہُدایَہ

شمارہ نمبر ۸ — ۱ جنوری ۲۰۱۹ تا ۳۱ مارچ ۲۰۱۹

HIDAYAH ACADEMY

زیر اہتمام ھدایہ اکیڈمی - زیر سرپرستی حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال صاحب دامت برکاتہم


## ختمِ بُخاری شریف

## تقریب دستارِ فضیلت و تقسیمِ اسنادو انعامات ۱۴۳۹-۴۰

HIDAYAH ACADEMY



ختم بخاری شریف جیسے بابرکت پروگرام دینی مدارس کی روایت رہی ہے جس میں درس نظامی کا تعلیمی دور مکمل کر کے علوم نبوی ﷺ سے فیضیاب ہونے والے طلبا کی دستار بندی کی جاتی ہے اور انہیں اسناد سے نوازا جاتا ہے- ہر سال کی طرح امسال بھی ھدایہ اکیڈمی فارغ التحصیل ہونے والے طلبا کے اعزاز میں ختم بخاری شریف کے پروگرام کا اہتمام کر رہی ہے جو کہ مورخہ ۳۱ مارچ ۲۰۱۹ بروز اتوار ریڈیسن لان واقع ڈیفنس فیزا، نزد قیوم آباد کے پی ٹی انٹرچینج منعقد ہوگا-

**العلم مبروك**



## حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال دامت برکاتہم کا دورۂ کیلی فورنیا

### نعتوں و بیانات سے لوگ متاثر، اردو و انگریزی زبان میں بیانات، انداز بیان نے لوگوں کو گرویدہ بنادیا

شیخ اظہر اقبال صاحب نومبر کے دوسرے ہفتے میں امریکہ کی ریاست کیلی فورنیا تشریف لائے حضرت کے انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں بیانات ہوئے۔ اس سفر کے دوران کثیر تعداد میں لوگ متوجہ ہوئے۔ جہاں بھی حضرت تشریف لے جاتے وہاں بیان کے بعد عوام کے ساتھ ساتھ علماء بھی آپ کے گرویدہ بن جاتے۔

حضرت کے بیانات نہ صرف ان مساجد میں ہوئے جہاں پاک و ہند کے لوگوں کی اکثریت ہے بلکہ وہاں بھی ہوئے جہاں عرب اور دیگر ممالک کے لوگوں کی اکثریت ہے۔

حضرت کے بیانات اور نعتوں سے بہت سے لوگ متاثر ہوئے حضرت کے بیک وقت اردو اور انگریزی زبان پر عبور اور دلوں کو دین کی طرف مائل کرنے والے بیانات نے ہر ایک کو آپ کا گرویدہ بنا دیا۔

مسلم کمیونٹی سینٹر ایک بڑی مسجد اور مسلمانوں کا ادارہ ہے وہاں علمائے دیوبند کو عام طور پر بیان کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا۔ وہاں پر حضرت نے بیان فرمایا اور بڑی مقبولیت ملی ہر روز صبح مراقبہ اور رات کو خصوصی مجلس ہوتی۔ ہر روز ۲ سے ۳ بیانات ہوتے۔ گیارہ دن کے قلیل سے عرصے میں تقریباً ۲۵ بیانات ہوئے۔

اس عاجز نے آج تک کسی کہ وقت اور نیند میں ایسی برکت نہیں دیکھی جیسی حضرت میں اس سفر کے دوران دیکھی۔

از حماد اسٹوڈنٹ ھدایہ اکیڈمی

## اصلاحی بیان و مجلس ذکر

حضرت مولانا شیخ اظہر اقبال دامت برکاتہم

ہر جمعرات 7:45

برائے مرد حضرات

پیشگی اطلاع کیلئے اندراج کرائیں

0344-8787871
0333-2301331
0315-2667721

M25/4 Khayaban-e-Saadi,
Phase7, DHA Karachi.

## نور اکیڈمی میں اگلے سال سے دورہ حدیث کی کلاس کا آغاز ہوگا

حضرت شیخ صاحب کے زیر سرپرستی مستورات کو دین کی تعلیم دینے کے لئے ایک ادارہ نور اکیڈمی کے نام سے کام کررہا ہے۔ 6 سال کی محنت کے بعد الحمدللہ اگلے سال پہلا بیج اپنے تعلیمی دور کا اختتام کررہا ہے اور باقاعدہ دورہ حدیث کی کلاس اگلے سال ہوگی نور اکیڈمی کے تحت بھی کافی پروگرام ہوتے رہتے ہیں جن میں ماہانہ اصلاحی بیان بہت مشہور و معروف ہے اور دراسات کے نام سے مختصر کورس بھی قابل ذکر ہے اللہ تعالی حضرت شیخ صاحب کی محنتوں کو قبول فرمائے اور ہر میدان میں مخلص ساتھی عطا فرمائے آمین۔